# ماڈل پیپر معاشرتی علوم گریڈ 5

## عمومی ہدایات

1) طلباء و طالبات سے گزارش ہے کہ معروضی سوالات کے لیے دی گئی کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ (وہ شیٹ جس پر سٹوڈنٹ معروضی سوالات کے صحیح جوابات پر نشان لگاتا ہے) پر **اپنا رول نمبر ہندسوں** میں ضرور لکھیں وگرنہ کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کے نمبر ٹرانسفر نہیں ہو سکیں گے۔

2) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیجیے۔

3) **کسی سٹوڈنٹ کو امتحانی پرچہ کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

4) **حصہ الف (معروضی سوالات)** کے لیے کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ میں متعلقہ سوال کے سامنے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کے خانہ میں سیاہ بال پوائنٹ سے نمایاں طور پر یہ نشان ☑ لگائیں ۔نشان خانے کے اندر ہی رہنا چاہیئے ۔اگر ایک نشان دو خانوں کو چھوئے گا یا ایک سے زیادہ خانوں پر علیحدہ علیحدہ نشان لگے ہوں گے یا دو خانوں کے درمیان نشان لگا ہو گا تو اس صورت میں کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کا صفر نمبر شمار ہو گا۔

5) کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر **انشائیہ طرز کے سوالات** کے سامنے بنے ہوئے خانوں میں **سٹوڈنٹ نے بالکل کچھ نہیں لکھنا نہ کوئی نشان لگانا ہے**۔ٹیچر نمبر لگا کر ان کے مطابق ان خانوں میں خود نشان لگائیں گے۔ معروضی سوال کی مثال درج ذیل ہے۔

مثال: 1 ۔ پاکستان کس سال بنا؟

(a) 1856 (b) 1905 (c) 1947 (d) 1927

جواب دینے کا صحیح طریقہ:

| Q.1 | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| | ☐ | ☐ | ☑ | ☐ |

## حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات) وقت: 1 گھنٹہ

**ہدایت:۔ اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔صحیح جواب کا نشان کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر لگانا ضروری ہے۔**

**سوال نمبر 1-** **موسم گرما کی مون سون کے دوران بارش ہوتی ہے۔**

(a) درمیانی (b) زیادہ (c) کم (d) نہ ہونے کے برابر

**سوال نمبر 2-** **1526ء میں مغل سلطنت کی بنیاد رکھنے والا تھا۔**

(a) بہادر شاہ ظفر (b) جلال الدین افغانی (c) محمد بن قاسم (d) ظہیر الدین بابر

**سوال نمبر 3-** **سائیکلون اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب کسی مقام پر ہوا کا دباؤ ہوتا ہے۔**

(a) یکساں (b) مستقل (c) کم یا زیادہ (d) برابر

**سوال نمبر 4-** **مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کے لئے استصواب رائے ضروری خیال کیا جاتا ہے۔**

(a) بھارتی حکومت کی خواہش کے مطابق (b) پاکستانی حکومت کی خواہش کے مطابق

(c) راجہ کی خواہش کے مطابق (d) اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق

**سوال نمبر 5-** **آلودگی کم کی جا سکتی ہے۔**

(a) ہوا کو صاف کر کے (b) بسوں پر پابندی لگا کر

(c) مریضوں کا علاج کر کے (d) سفر پر پابندی لگا کر

**سوال نمبر 6-** **ٹریفک پولیس کام سرانجام دیتی ہے۔**

(a) جلوس کو روکتی ہے (b) ٹریفک کنٹرول کرتی ہے

(c) چوروں کو پکڑتی ہے (d) سرحدوں کی حفاظت کرتی ہے

سوال نمبر 7- پاکستان کی نقد آور فصل ہے۔

(a) پٹ سن (b) مکئی (c) چاول (d) گندم

سوال نمبر 8- "تمام مسلمان ایک قوم میں اور دوسرے تمام ایک اور قوم" یہ سوچ کہلاتی ہے۔

(a) خطبہ الہ آباد (b) رسم و رواج (c) مذہبی اقدار (d) دو قومی نظریہ

سوال نمبر 9- شمالی علاقہ جات میں کاشت ہونے والے تین پھل ہیں۔

(a) آم، سیب، امرود (b) کینو، خربوزہ، شہتوت
(c) اخروٹ، بادام، انگور (d) اخروٹ، بادام، امرود

سوال نمبر 10- حرارتی توانائی پیدا کرنے کے پاکستان میں سب سے بڑے اسٹیشن کن شہروں میں موجود ہیں؟

(a) بہاول پور اور لودھراں (b) کوٹ اڈو اور مظفر گڑھ
(c) ملتان اور کراچی (d) سکھر اور حیدر آباد

سوال نمبر 11- ہمارے معاشرے میں اچھے لباس کی کونسی خصوصیات شامل ہونی چاہئیں؟

(a) علاقائی اور ذاتی اقدار (b) اسلامی اور ثقافتی اقدار
(c) قومی اور خاندانی اقدار (d) تاریخی اور نسلی اقدار

سوال نمبر 12- ایٹمی توانائی پیدا کرنے کا اسٹیشن قائم کیا گیا تھا۔

(a) کراچی میں 1971ء میں روس کی مدد سے (b) لاہور میں 1971ء میں چین کی مدد سے
(c) پشاور میں 1973ء میں کینیڈا کی مدد سے (d) کوئٹہ میں 1975ء میں جاپان کی مدد سے

سوال نمبر 13- کن دو شہروں کے درمیان سڑک کا نام M-3 (موٹر وے۔3) ہے؟

(a) پشاور اور اسلام آباد (b) پشاور اور لاہور
(c) لاہور اور فیصل آباد (d) پنڈی بھٹیاں اور فیصل آباد

سوال نمبر 14- شاہ ولی اللہ تھے۔

(a) عظیم شاعر اور فلسفی (b) عظیم سکالر اور قرآن کے مترجم
(c) عظیم فلسفی اور علم کا دلدادہ (d) عظیم مصور اور علم کا دلدادہ

سوال نمبر 15- کمپیوٹر اس لیے اہم ہے کیونکہ یہ:۔

(a) تخمینہ جات کو آسان بناتا ہے اور چند لوگوں کی ضرورت پڑتی ہے۔
(b) تخمینہ جات کو آسان بناتا ہے مگر بہت سارے لوگوں کی ضرورت پڑتی ہے۔
(c) تخمینہ جات کو بہت زیادہ آسان بناتا ہے اور صرف ایک آدمی کی ضرورت پڑتی ہے۔
(d) تخمینہ جات کو اور زیادہ مشکل بناتا ہے اور دو آدمیوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

سوال نمبر 16- پاکستان کے ہمسایہ ممالک ہیں۔

(a) افغانستان، بھارت، چین، روس (b) افغانستان، بھارت، چین، ایران
(c) بھارت، چین، عراق، ایران (d) ایران، بھارت، افغانستان، سعودی عرب

سوال نمبر 17- ہندوؤں کا خیال تھا کہ دوسرے فاتحین کی طرح محمد بن قاسم کی فوج بھی ان کو لوٹے گی اور قتل کر دے گی مگر اس کی فوج کے رویے میں شامل تھا۔

(a) معاشی امداد اور ان سے سخت گیر برتاؤ
(b) زرعی امداد اور ان سے ظالمانہ برتاؤ
(c) طبی امداد اور ان سے نرم برتاؤ
(d) تجارتی امداد اور ان سے برا سلوک

سوال نمبر 18- پاکستان کے ساحلی علاقوں سے متعلقہ لسٹ ہے۔

(a) افغانستان، بحر ہند، لاہور، 600 کلومیٹر (b) خلیج بنگال، چین، ملتان، 900 کلومیٹر
(c) بحر ہند، چین، کراچی، 800 کلومیٹر (d) ایران، بحر ہند، گوادر پورٹ، 900 کلومیٹر

سوال نمبر 19- دستور پر عمل درآمد کے لیے ضروری ہے۔

(a) بے ضابطگی اور انصاف
(b) پابندی اور انصاف
(c) مساوات اور انصاف
(d) عدم مساوات اور انصاف

سوال نمبر 20- مون سون ہواؤں کے آغاز اور اختتام کے مہینے ہیں۔

(a) جنوری اور مارچ
(b) اپریل اور مئی
(c) جولائی اور ستمبر
(d) اکتوبر اور دسمبر

سوال نمبر 21- سماجی ادارے ہیں

(a) یتیم خانے، تعلیمی ادارے، بنک
(b) یتیم خانے، عام تعلیمی ادارے اور خصوصی تعلیمی ادارے
(c) یتیم خانے، خصوصی تعلیمی ادارے اور ریلوے
(d) یتیم خانے، ہسپتال اور کالج

سوال نمبر 22- گنا زیادہ تر کن علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے؟

(a) بلوچستان، کشمیر اور صوبہ خیبر پختونخواہ
(b) پنجاب، بلوچستان اور سندھ
(c) پنجاب، سندھ اور صوبہ خیبر پختونخواہ
(d) شمالی علاقہ جات، صوبہ خیبر پختونخواہ اور بلوچستان

سوال نمبر 23- صحت سے متعلق غیر سرکاری تنظیموں (NGO's) کے کام ہیں کہ وہ کھولیں۔

(a) ہسپتال اور سیر گاہیں
(b) ہسپتال اور ڈسپنسریاں
(c) ہسپتال اور پارک
(d) ہسپتال اور فارم ہاؤسز

سوال نمبر 24- پن بجلی پیدا کرنے سے متعلق الفاظ کا مناسب گروپ ہے۔

(a) نہروں، ڈیم، سورج، گوادر
(b) سمندروں، ڈیم، سورج، کراچی
(c) دریا، ڈیم، سورج کی شعاعیں، مظفر گڑھ
(d) دریا، ڈیم، ٹربائن، منگلا

سوال نمبر 25- سماجی برائیاں ہیں

(a) تعلیمی ادارے اور ناخواندگی
(b) خصوصی تعلیمی ادارے اور ناخواندگی
(c) تعلیمی ادارے اور غربت
(d) غربت اور ناخواندگی

سوال نمبر 26- 1971ء کی جنگ میں مشرقی پاکستان (موجودہ بنگلہ دیش) کی پاکستان سے علیحدگی کے لیے بھارت کے کردار سے متعلق کہہ سکتے ہیں کہ

(a) بظاہر غیر جانبدار رہ کر پاکستان سے علیحدگی کی تحریک شروع کروائی
(b) بغاوت کے لئے آمادہ کیا اور علیحدگی کی تحریک شروع کروائی
(c) تعلیم اور صحت کی خاطر بنگالیوں کی امداد کی
(d) علاقائی ترقی اور سلامتی کے لئے ایک علیحدہ ملک کو ضروری سمجھا

سوال نمبر 27- بے روزگاری کے خاتمہ کے لیے حکومتی سطح پر کیے جانے والے اقدامات ہیں۔

(a) تعلیمی ادارے، سیر گاہیں اور آرٹ گیلریز بنانا
(b) فنی اور پیشہ وارانہ تعلیم، کارخانے اور قرضہ جات کی سہولت
(c) عوامی (کمیونٹی) ادارے بنانا، درخت لگانا اور سڑکیں تعمیر کرنا
(d) درخت لگانا صنعتیں اور ریلوے کو ترقی دینا

سوال نمبر 28- صدر پاکستان سے متعلقہ درست بیان ہے۔

(a) مسلمان، تین سال کا عرصہ، عمر 30 سال
(b) پاکستانی شہری، سیاسی پارٹی کا لیڈر، عمر 40 سال
(c) مسلمان، پنجابی، عمر 45 سال
(d) مسلمان، 5 سال کا عرصہ، کم سے کم عمر 45 سال

سوال نمبر 29- الفاظ کا کونسا گروپ پیشوں سے متعلق نہیں ہے؟

(a) قرضوں کی فراہمی، رقم کا تبادلہ اور حفاظت
(b) کھدائی، کوئلہ اور نمک، پنجاب
(c) سڑکیں، سیرگاہیں اور لائبریریاں
(d) کم بارشیں، جڑی بوٹیاں اور صوبہ بلوچستان

سوال نمبر 30- ہلالِ احمر کی ذمہ داریاں ہیں۔

(a) تعلیمی ادارے قائم کرنا، قدرتی آفات میں مدد کرنا، جنگی سامان جمع کرنا
(b) حکومت کی مدد کرنا، چندہ اکٹھا کرنا، غیر ملکیوں کی حفاظت کرنا
(c) چندہ اکٹھا کرنا، غریبوں کی مدد کرنا، الیکشنوں میں خدمات سرانجام دینا
(d) انسانیت کی فلاح کے لئے کام کرنا، قدرتی آفات میں مدد کرنا، زخمیوں کی دیکھ بھال کرنا